# پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن ۲۱۔اے کشمیر بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

فون نمبر: 042-99260194 nsunvqf@gmail.com www.pbte.edu.pk

پی بی ٹی ای/این ایس یو/2022/ 183 **SAY NO TO CORRUPTION** مورخہ: 24-8-2022

## امتحانی شیڈول/ڈیٹ شیٹ برائے ٹیوٹا شارٹ کورس 6 ماہ دورانیہ یکم مارچ تا 31 اگست 2022ء

| ٹریڈ/کورسز Exam Id=6 | امتحان کے انعقاد کی تاریخ |
|---|---|
| ۱۔آٹو کیڈ ۲۔بیسک گارمنٹ ڈیزائن ۳۔بیسک ہاؤس کیپنگ ۴۔بیوٹیشن ۵۔شیف ۶۔سول ڈرافٹسمین (آٹو کیڈ) ۷۔سول سرویئر ۸۔کمپیوٹر ایپلیکیشنز ۹۔کنفیکشنری بیکنگ & سویٹس ۱۰۔ڈومیسٹک ٹیلرنگ ۱۱۔الیکٹریشن ۱۲۔فیبرک پرنٹنگ ۱۳۔فیشن ڈیزائن ۱۴۔ہیٹنگ وینٹیلیشن ایئر کنڈیشننگ & ریفریجریشن ۱۵۔ہیوی مشینری آپریٹر ۱۶۔ہوم اپلائنسز ریپیئر ۱۷۔انڈسٹریل سٹچنگ مشین آپریٹر ۱۸۔انجیکشن مولڈنگ مشین آپریٹر ۱۹۔مشین & ہینڈ ایمبرائیڈری ۲۰۔مشین ایمبرائیڈری ۲۱۔موبائل فون ریپیئرنگ ۲۲۔موٹر سائیکل مکینک ۲۳۔موٹر وائنڈر ۲۴۔پلمبر ۲۵۔پروفیشنل کوکنگ ۲۶۔کوانٹٹی سرویئر ۲۷۔سوشل میڈیا مارکیٹنگ ایکسپرٹ (کسٹمائزڈ) ۲۸۔ویلڈر ۲۹۔ٹریکٹر آپریٹر ۳۰۔ٹیکسٹائل ڈیزائن | امتحان مورخہ 14 ستمبر 2022ء بروز بدھ بوقت 09:00AM منعقد ہوگا۔ |

**نوٹ:** Objective Type Paper صبح 09:00 بجے شروع اور 09:30 بجے ختم ہوگا۔اس کے فوراً بعد صبح 09:30 بجے پریکٹیکل کا امتحان شروع ہوگا جس کا پرچہ خود متعلقہ پرنسپل Arrange کریں گے/گی۔(دونوں امتحان ایک ہی دن ختم ہوں گے۔)

### پرنسپل ادارہ جات خصوصاً نوٹ کریں کہ

-1 دفتر بورڈ کی طرف سے ارسال کردہ Printed Result Evaluation Sheet (جس پر طالبعلم کے کوائف درج ہیں) پر رزلٹ تیار کیا جائے اور تیار کردہ Result Evaluation Sheet پر تیار کنندہ کا نام بمعہ دستخط اور پرنسپل ادارہ کے دستخط/مہر ثبت ہونا لازمی ہے۔

-2 حل شدہ پرچہ جات بمعہ رزلٹ شیٹس کی اصل کاپی اور حاضری چارٹ اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات این ایس یو کمرہ نمبر 38 پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن 21-A کشمیر بلاک علامہ اقبال ٹاؤن، دستی وصول یا بذریعہ کوریئر سروس ارسال فرمائیں۔برائے معلومات ڈیلنگ اسسٹنٹ رابطہ نمبر 0323-5557420

-3 بورڈ کی طرف سے بھیجی گئی رزلٹ شیٹ پر اُوور رائیٹنگ اور فلیوڈ قابل قبول نہ ہوگا۔نیز غیر حاضر/ڈسچارج شدہ طلباء وطالبات کے بورڈ رولنمبر کے سامنے بمطابق حاضری چارٹ Absent لگا کر رزلٹ ارسال کریں اور بقیہ طلباء وطالبات کے رزلٹ کا بھی لازمی اندراج کر کے درست رزلٹ ارسال کریں۔

-4 ممتحن حضرات رزلٹ تیار کرتے ہوئے نمبروں کو اعشاریہ میں اندراج نہ کریں اعشاریہ کے اندر بنایا گیا رزلٹ قابل قبول نہ ہوگا۔

-5 امتحان ختم ہونے کے بعد دو دن کے اندر رزلٹ لازمی ارسال فرمائیں۔مقررہ مدت کے بعد بھیجا گیا رزلٹ قابل قبول نہ ہوگا اور اس کی تمام تر ذمہ داری آپ پر عائد ہوگی۔

-6 غیر حل شدہ پرچہ جات و دیگر میٹریل امتحان ختم ہونے کے بعد بنام اسسٹنٹ کنٹرولر شعبہ کنڈکٹ-II، 354 کشمیر بلاک علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور میں جمع/ارسال کریں۔

-7 COVID-19 کے پیش نظر پرنسپل ادارہ بورڈ کی طرف سے امتحان کے سلسلہ میں گورنمنٹ آف دی پنجاب اور بورڈ کی طرف سے جاری کردہ درج ذیل SOPs کے مطابق امتحان لیں گے اور پرنسپل ادارہ SOPs پر عمل درآمد کے پابند ہونگے۔

i) ہال اور فرنیچر کی صفائی ستھرائی کو یقینی بنایا جائے گا۔
ii) ایک طالب علم کا دوسرے طالبعلم کے درمیان 6 فٹ کا فاصلہ ہوگا۔
iii) امتحانی ہال میں داخل ہوتے وقت ممتحن اور طلباء کا بخار چیک کیا جائے گا۔
iv) ہر طالبعلم فیس ماسک اور دستانے پہنے گا۔
v) ہر ایک کسی لاپرواہی کے بغیر اپنے ہاتھوں کو صاف ستھرا رکھے گا۔
vi) ہر طالبعلم منظور شدہ سٹنگ پلان کے مطابق بیٹھے گا۔
vii) ممتحن امتحانی جوابی کاپی اور سوالیہ پرچہ جات کی ترسیل سے پہلے اپنے ہاتھوں کو صاف ستھرا رکھے۔
viii) ممتحن امتحانی جوابی کاپی اور سوالیہ پرچہ جات طلباء کے سامنے رکھی گئی ٹیبل پر رکھے گا۔
ix) ہر تیس منٹ کے بعد ممتحن اور طلباء اپنے ہاتھوں کو صاف ستھرا کریں گے۔
x) امتحان کے اختتام پر طالبعلم اپنی جوابی کاپی اور سوالیہ پرچہ اپنے سامنے ٹیبل پر رکھ دیں گے۔
xi) ممتحن ہاتھوں پر دستانے پہن کر جوابی کاپی اور سوالیہ پرچہ جات کو میزوں سے اٹھانے کے بعد دستانوں کو بڑی احتیاط سے ضائع کریں۔

**خصوصی توجہ:** امیدوار کا حاضری، تھیوری، پریکٹیکل میں علیحدہ علیحدہ پاس ہونا لازمی ہے بصورت دیگر اگر امیدوار کسی ایک component میں بھی فیل ہوگا تو تمام امتحان میں فیل تصور ہوگا۔

**ضروری انتباہ:** رزلٹ کی اشاعت کے ایک ماہ کے اندر طلباء کے رزلٹ میں کسی بھی غلطی کی صورت میں بورڈ سے رابطہ کیا جاسکتا ہے مقررہ مدت کے بعد کوئی درخواست قابل قبول نہ ہوگی۔

محمد منور حسین
کنٹرولر امتحانات

(جاری ہے)

Result.pk

**کاپی برائے اطلاع وضروری کاروائی:**

1. پی ایس ٹو چیئرمین، پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، لاہور۔
2. پی اے ٹو سیکرٹری، پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، لاہور۔
3. پی اے ٹو کنٹرولر امتحانات، پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، لاہور۔
4. ڈائریکٹر جنرل (اکیڈ) ٹیوٹا، لاہور۔
5. ریجنل ڈائریکٹرز / ڈسٹرکٹ ڈائریکٹرز ٹیوٹا پنجاب۔
6. ڈپٹی کنٹرولر کنڈکٹ / سیکریسی، پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، لاہور۔
7. تمام متعلقہ شعبہ جات، پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، لاہور۔
8. تمام پرنسپل متعلقہ ادارہ جات۔
9. ویب ایڈمنسٹریٹر برائے اپلوڈنگ
10. پی آر او برائے اشاعت خبر

محمد منور حسین
**کنٹرولر امتحانات**

Result.pk